www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور تھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | ہفتہ 18 اپریل 2026ء بمطابق 29 شوال 1447ھ | شمارہ 263 | قیمت 10 روپے

شکریہ پاکستان، شکریہ وزیراعظم، شکریہ فیلڈ مارشل، ٹرمپ کا پیغام

اب جب آبنائے ہرمز کا معاملہ ختم ہو چکا ہے، نیٹو کی جانب سے کال موصول ہوئی، اب ہمیں کسی کی مدد کی ضرورت نہیں ہے

آج کا دن پوری دنیا کے لیے ایک شاندار دن ہے، امریکی صدر کا سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور قطر سے بھی اظہار تشکر

آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھلا ہوا ہے اور کاروبار کیلئے مکمل تیار ہے، معاہدے تک ایران کی بحری ناکہ بندی جاری رہے گی، ٹرمپ

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ سماجی رابطے کی ساٹ ٹروتھ سوشل پر اپنے پیغام میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ آج کا دن پوری دنیا کے لیے ایک شاندار دن ہے۔ امریکی صدر نے ان کے سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور قطر سے بھی اظہار تشکر کیا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران نے امریکا کی مدد سے تمام سمندری بارودی سرنگیں ہٹا دی ہیں یا ہٹا رہا ہے۔ امریکی صدر نے کہا کہ اب جب آبنائے ہرمز کا معاملہ ختم ہو چکا ہے، نیٹو کی جانب سے کال موصول ہوئی، اب ہمیں کسی کی مدد کی ضرورت نہیں ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ میں نے نیٹو .....بقیہ صفحہ 9 نمبر 30

ایران کا آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھولنے کا اعلان

عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں بڑی کمی

آبنائے ہرمز کو تمام کمرشل جہازوں کے لیے کھول دیا گیا ہے اور جنگ بندی کی باقی مدت کے دوران یہ راستہ مکمل طور پر فعال رہے گا، ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کا جاری بیان

عالمی مارکیٹ میں ڈبلیو ٹی آئی خام تیل کی قیمت 11.17 فیصد کی کمی کے بعد 83.52 ڈالر فی بیرل ہوگئی، برینٹ خام تیل کی قیمت 11.32 فیصد کی کمی کے بعد 88.07 ڈالر فی بیرل ہوگئی

تہران (ویب ڈیسک) ایران نے لبنان میں جنگ بندی کے تناظر میں آبنائے ہرمز کو تجارتی جہازوں کے لیے کھلے رکھنے کا اعلان کر دیا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (ٹوئٹر) پر جاری بیان میں کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کو تمام کمرشل جہازوں کے لیے کھول دیا ہے کیونکہ امریکا اور اسرائیل پر لبنان میں جنگ بندی کا معاہدہ لاگو ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ اس کے باوجود ایران کی بحری ناکہ بندی جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس دوران تجارتی جہازوں کی آمد و رفت جاری رہے گی۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ آبنائے ہرمز کو تمام کمرشل جہازوں کے لیے کھول دیا ہے اور جنگ بندی کی باقی مدت کے دوران یہ راستہ مکمل طور پر فعال رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس دوران تجارتی جہازوں کی آمد و رفت جاری رہے گی۔ تاہم جہازوں کو ایران کی بندرگاہوں اور بحری امور کی تنظیم کی جانب سے پہلے سے مقرر کردہ مربوط راستوں پر سفر کرنا ہوگا۔ ایرانی وزیر خارجہ کے مطابق یہ اقدام .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

وکلاء ساتھ دیں تو دیکھتے ہیں انصاف کیسے نہیں ملتا

سہیل آفریدی

بشریٰ بی بی غیر سیاسی خاتون ہیں، ان کی طبیعت ناساز ہونے کے باوجود رعایت نہیں دی جارہی، وکلا جرگہ سے خطاب

اپنے قائد عمران خان سے ملنے نہیں دیا گیا، اڈیالہ جیل سپرنٹنڈنٹ عدلیہ کے حکم کو ردی کی ٹوکری میں ڈال دیتا ہے

عدلیہ کے احکامات پر عمل کروانا خود عدلیہ کی ذمہ داری ہے، عمران خان کے کیسز سماعت کیلئے نہیں لگائے جارہے

میں بندوق یا ڈنڈا نہیں اٹھا سکتا صرف آئین و ریاست کے دکھائے راستے پر چلوں گا، وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی

پشاور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے اڈیالہ جیل میں قید سابق وزیراعظم عمران خان سے ملاقات کی اجازت نہ ملنے پر اپنے ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ آج پاکستان بھر کا وکلا جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے کہا کہ میں مرحبہ عدلیہ کا آدرلے کر گیا لیکن اپنے قائد عمران خان سے ملنے نہیں دیا گیا، اڈیالہ جیل سپرنٹنڈنٹ عدلیہ کے حکم کو ردی کی ٹوکری میں ڈال دیتا ہے، میں بندوق یا ڈنڈا نہیں اٹھا سکتا صرف آئین و ریاست کے دکھائے راستے پر چلوں گا۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ عدلیہ کے احکامات پر عمل کروانا خود عدلیہ کی ذمہ داری ہے، عمران خان کے کیسز سماعت کیلئے نہیں لگائے جارہے، عدلیہ میں کچھ لوگ آواز اٹھانا چاہتے ہیں لیکن ان کا ساتھ نہیں دیا جاتا، انہوں نے کہا کہ عمران خان اور ایک سیاسی جماعت کے ساتھ مسلسل ظلم .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

ٹرمپ کے مشیر برائے عرب و افریقی امور کی شہباز شریف سے ملاقات

وزیراعظم شہباز شریف نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

ملاقات میں دونوں رہنماں کے درمیان خطے کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مشیر برائے عرب و افریقی امور مسعد بولوس کی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات ہوئی۔ ملاقات .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

امریکی ٹرمپ کے مشیر برائے عرب و افریقی امور وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم نے ڈیزل کی قیمت میں 32 روپے 12 پیسے کمی کی منظوری دیدی

منظوری کے بعد ڈیزل کی قیمت 385.5 روپے سے کم ہو کر 353.43 روپے ہوگئی

تیل کی قیمتوں میں کمی کے اثرات کو جس قدر جلدی ممکن ہو عوام تک پہنچایا جائے گا، وزیراعظم

اسلام آباد (ویب ڈیسک) حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا فیصلہ کرلیا۔ وزیراعظم نے ڈیزل کی قیمت میں 32 روپے 12 پیسے کی کی منظوری دے دی۔ منظوری کے بعد ڈیزل کی قیمت 385.54 روپے سے کم ہو کر 353.43 روپے ہو .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

وزیراعظم شہباز شریف سے ترک صدر طیب اردوان ملاقات کر رہے ہیں



بجلی کی قیمتوں میں کمی اور لوڈ شیڈنگ کا خاتمہ بھی کیا جائے، حافظ نعیم الرحمان

لاہور (ویب ڈیسک) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کا کہنا ہے ایران کے آبنائے ہرمز کھولنے کے اعلان کے بعد عالمی منڈی میں تیل کی قیمت تیزی سے گر رہی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 46

ایم اے جناح روڈ پر ٹریفک کا اژدھام، کراچی میں مسافروں کو پریشان کر رہی ہے

عالمی جسٹس سسٹم ناکام ہو چکا، بحران کا حل سفارت کاری میں ہے، ترک صدر

انطالیہ (ویب ڈیسک) ترک صدر طیب اردوان نے کہا ہے کہ عالمی جسٹس سسٹم ناکام ہو چکا، بحران کا حل سفارت کاری میں ہے۔ ترکیہ میں انطالیہ ڈپلومیسی فورم کا افتتاحی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 45

سعودی عرب نے 3 ارب ڈالر کے ڈپازٹ رول اوور کر دیئے

معاہدے پر سعودی فنڈ کے چیف ایگزیکٹو جبکہ سٹیٹ بینک کی طرف سے گورنر جمیل احمد نے دستخط کیے

واشنگٹن (ویب ڈیسک) سعودی عرب نے پاکستان میں رکھے گئے 3 ارب ڈالر کے ڈپازٹ رول اوور کر دیئے۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان اور سعودی فنڈ برائے ترقی میں باقاعدہ معاہدہ طے پایا، سعودی عرب کی جانب سے معاہدے پر سعودی فنڈ کے چیف ایگزیکٹو جبکہ سٹیٹ بینک کی طرف سے گورنر جمیل احمد نے دستخط کیے۔ وزیرخزانہ محمد اورنگزیب بھی معاہدے پر دستخط کی تقریب میں شریک ہوئے، انہوں نے کہا کہ معاہدہ پاک سعودی عرب مستحکم اقتصادی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

پاور سیکٹر ملازمین کیلئے بجلی کے مفت یونٹس کی سہولت ختم

حکومت عوامی مفاد میں اصلاحات کے عمل کو جاری رکھے گی، عدالت نے پاور ڈویژن کی درخواست قبول کرلی، عوام کا پرانا مطالبہ پورا ہوگیا

ملکی تاریخ میں پہلی بار وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاور سیکٹر کے اہلکاروں کے فری یونٹس ختم کیے گئے ہیں، وفاقی وزیر اویس لغاری

اسلام آباد (ویب ڈیسک) حکومت نے پاور سیکٹر کے ملازمین کے لیے مفت بجلی کے مفت یونٹس کی سہولت ختم کردی۔ وفاقی وزیر برائے پاور ڈویژن اویس لغاری نے پاور سیکٹر کے ملازمین کے لیے فری یونٹس کی سہولت ختم کرنے کے فیصلے کا باقاعدہ اعلان کیا ہے۔ وزیر مملکت برائے پاور ڈویژن عوض علی خان نے بھی اس فیصلے کی حمایت کی ہے۔ وزیر توانائی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر اپنے پیغام میں کہا کہ سابق حکومتوں کی جانب سے کیے گئے وعدے کے مطابق پاور سیکٹر کے ملازمین کو مفت بجلی کے یونٹس دیے جاتے تھے، ہم نے اس مراعات کو ختم کر دیا ہے۔ ان ملازمین کو اب بجلی کے بل ادا کرنا ہوں گے۔ وزیر توانائی نے کہا کہ ہم نے اس فیصلے کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ایک کمیٹی بھی تشکیل دی تھی، جس نے اپنی سفارشات پیش کیں، جن کی روشنی میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ انہوں

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد | منیجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے آفسٹ پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر شائع کیا۔
نمبر 42، فلیٹ نمبر 2، فرنٹ فلور، ہنڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448 | 021-35210448
021-36450295
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

افغان طالبان کی پھر گولہ باری 2 بچوں سمیت 3 شہید

بھارتی حمایت یافتہ افغان طالبان نے پاک افغان سرحد پر باجوڑ کے مقام پر پاکستانی سول آبادی پر گولہ باری کی جس کے نتیجے میں 2 بچوں سمیت ایک ہی خاندان کے 3 افراد شہید ہو گئے۔ یہ بلا اشتعال جارحیت باجوڑ کے سرحدی علاقے کٹ کوٹ کے گاؤں ملک شاہین میں کی گئی۔ پاک فوج نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے افغانستان سے فائر کرنے والی گن پوزیشن کو مکمل طور پر تباہ کر دیا۔ پاک فوج کی کارروائی میں باجوڑ سے ملحقہ تمام افغان طالبان پوسٹوں کو نشانہ بنایا گیا، جس سے افغان طالبان کو بھاری جانی نقصان اٹھانا پڑا۔ بھارت کے ایما پر افغان طالبان رجیم پاکستان پر حملے کرتی رہی ہے۔

پاکستان نے ہر بار بھرپور جواب دے کر انہیں ناکوں چنے چبوا دیئے۔ رمضان کے دوران دونوں ممالک کے مابین جنگی عمومی تعطل رہا، تاہم عید کے موقع پر پاکستان نے سیز فائر کا اعلان کیا۔ چین کی جانب سے کوشش کی گئی کہ اس سیز فائر کو مستقل شکل دی جائے۔ اس حوالے سے چین میں ڈپٹی سیکرٹری سطح کے مذاکرات ہوئے، جن میں افغان حکومت کی جانب سے یقین دہانی کرائی گئی کہ افغانستان کی سرزمین پاکستان میں دہشت گردی کے لیے استعمال نہیں ہونے دی جائے گی، لیکن اس پر عملدرآمد نہیں ہو سکا۔ اب ایک مرتبہ پھر گولہ باری کر کے دیہاتوں سمیت تین افراد کو شہید کیا گیا ہے۔ طالبان رجیم پاکستان کی سلامتی کو کمزور کرنے کے بھارتی ایجنڈے پر عمل پیرا ہے۔ اس کے ساتھ کسی نرمی کی اب کوئی گنجائش نہیں رہی۔ اگرچہ پاکستان نے غیر سگالی کے طور پر سیز فائر کیا تھا، جو کہ پانچ دن کے لیے تھا، مگر اس کے بعد بھی پاکستان نے تحمل کا مظاہرہ کیا۔ اب بھارت کی پراکسی کے طور پر کام کرنے والی اس احسان فراموش طالبان رجیم نے خود ہی جواز پیدا کر دیا ہے کہ سیز فائر کا خاتمہ کر کے افغانستان میں موجود دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا جائے۔

عالمی سیاست ایک بار پھر ایک نازک موڑ پر کھڑی ہے جہاں کشیدگی اور مفاہمت کے درمیان کمزیر نہایت باریک بینی ہو گی ہے۔ ایسے میں امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات کا دوسرا دور اس امر کی واضح علامت ہے کہ دنیا بتدریج تصادم سے مکالمے کی طرف بڑھ رہی ہے۔ یہ پیش رفت محض دو ممالک کے درمیان تعلقات کی بہتری تک محدود نہیں بلکہ اس کے اثرات عالمی سیاست، معیشت اور علاقائی استحکام پر بھی مرتب ہوں گے۔

پہلے دور کے مذاکرات نے اگرچہ اعتماد سازی کی ایک ابتدائی فضا تیار کی، تاہم اصل آزمائش دوسرے دور میں ہی شروع ہوتی ہے جہاں بیانات کی جگہ عملی اقدامات اور مفاہمت کے امکانات کا حقیقی امتحان ہوتا ہے۔ یہی وہ مرحلہ ہے جہاں عالمی برادری کی نظریں مرکوز ہوتی ہیں، اور جہاں ہر قدم نہ صرف دو ممالک بلکہ پورے خطے کے مستقبل پر اثر انداز ہوتا ہے۔

یہ حقیقت بھی پیش نظر رہنی چاہیے کہ امریکہ اور ایران کے تعلقات محض سفارتی نوعیت کے نہیں بلکہ ان میں تاریخی کشیدگی، نظریاتی اختلافات اور اسٹریٹجک مفادات کی پیچیدہ کیفیاں شامل ہیں۔ ایسے میں مذاکرات کا تسلسل خود ایک بڑی پیش رفت ہے، جبکہ دوسرا دور اس تسلسل کو برقرار رکھنے کی کوشش کی عکاسی کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ابتدائی مثبت اشارے بھی محتاط انداز میں خوش آئند سمجھے جا رہے ہیں۔

تاہم اس تاثر میں یہ امر نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ دونوں ممالک کے درمیان اعتماد کا فقدان اب بھی گہرا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایک جانب سفارتی رابطے جاری ہیں تو دوسری جانب علاقائی سطح پر کشیدگی کے خدشات بھی موجود ہیں۔ ایسے میں ثالث ممالک کا کردار غیر معمولی اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ پاکستان نے اس مرحلے پر جس توازن، تدبر اور سنجیدگی کے ساتھ عمر نبھائی ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی خواہش ایک ایسے ماحول کی فراہمی ہے جہاں مذاکرات کو سیاسی دباؤ سے محفوظ رکھا جا سکے، اور یہ کردار اس وقت اور بھی اہم ہو جاتا ہے جب دونوں فریق براہِ راست بات چیت سے گریزاں ہوں۔

اس پس منظر میں پاکستان کی ثالثی کو محض ایک سفارتی سرگرمی کے بجائے ایک وسیع تر علاقائی حکمتِ عملی کے تناظر میں دیکھنا ہوگا۔ یہ ثالثی ایک طرف پاکستان کے بین الاقوامی تعلقات کو مضبوط کرتی ہے تو دوسری جانب اسے ایک ایسے کردار میں لے آتی ہے جہاں اس کی ساکھ، غیر جانبداری اور سفارتی صلاحیت کا امتحان ہے۔ اگر یہ مذاکرات کسی مثبت نتیجے تک پہنچتے ہیں تو اس کا فائدہ نہ صرف خطے کو ہوگا بلکہ اس سے عالمی سطح پر پاکستان کا مثبت تاثر بھی مزید مستحکم ہوگا۔

تاہم اگر مذاکرات تعطل کا شکار ہوتے ہیں تو خدشہ ہے کہ کشیدگی ایک بار پھر بڑھ سکتی ہے، جس کے اثرات نہ صرف خطے بلکہ عالمی منڈیوں، تیل کی قیمتوں اور بین الاقوامی تجارت پر بھی مرتب ہوں گے۔

سردار عبدالخالق وحیدی

اسی تناظر میں عالمی مبصرین کا خیال ہے کہ آئندہ چند ہفتے بہت اہم ہوں گے۔ اگر یہ مذاکرات کسی ٹھوس اور قابلِ عمل فارمولے پر پہنچ جاتے ہیں تو خطے میں ایک نئی سفارتی فضا جنم لے سکتی ہے، جبکہ ناکامی کی صورت میں کشیدگی کے دوبارہ بڑھنے کا خطرہ بھی موجود رہے گا۔ ایسی صورت میں پاکستان کو اپنی ثالثی کی اہمیت کو برقرار رکھنے کے لیے غیر معمولی سفارتی مہارت کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔

بہرحال، یہ مذاکرات محض دو ممالک کے درمیان بات چیت نہیں بلکہ ایک وسیع تر علاقائی توازن کا امتحان ہیں۔ ان کی کامیابی یا ناکامی آنے والے دنوں میں نہ صرف خطے کی سمت کا تعین کرے گی بلکہ عالمی طاقتوں کے رویوں پر بھی گہرے اثرات مرتب کرے گی۔ ایسے میں پاکستان کا کردار جتنا متوازن، محتاط اور مؤثر ہوگا، اتنا ہی وہ اس پیچیدہ صورتحال سے بہتر نتائج حاصل کرنے کی پوزیشن میں ہوگا۔

امریکہ ایران مذاکرات کا دوسرا دور، عالمی پیش رفت، امکانات اور پاکستان کا کردار

قیادت میں موجود حکومت نے عالمی سطح پر پاکستان کے مثبت تشخص کو اجاگر کرنے کے لیے متعدد اقدامات کیے ہیں، جبکہ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے سفارتی محاذ پر ایک متحرک اور فعال کردار ادا کرتے ہوئے پاکستان کے عالمی روابط کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

اسی طرح فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان کی عسکری استحکام نے ملک کو ایک محفوظ اور جغرافیائی اعتبار سے اہم خطہ پر پیش کیا ہے۔ داخلی استحکام کی یہی مضبوط خاصیہ پالیسی کی بنیاد ہوتا ہے اور پاکستان نے اس پہلو پر خاص توجہ دی ہے۔

اس سارے سفارتی عمل کے دوران ایک اہم پہلو یہ بھی رہا کہ ان چیلنجز کیا جا سکتا کہ جہاں ایک طرف مفاہمت کے ساتھ کچھ ایسی قوتیں بھی متحرک رہیں جو ہیں جو امن کے جاری کوششوں کو ہوا دینے میں مصروف رہے۔ امریکہ ایران مذاکرات کے دوسرے دور کے تناظر میں بھی یہ پیٹرن دیکھنے کو ملا ہے کہ اسرائیل اور بھارت جیسے ممالک ان کوششوں کو سبوتاژ کرنے کے لیے مختلف سفارتی و اسٹریٹجک حربے استعمال کر سکتے ہیں۔ ان دونوں ریاستوں کی پالیسیوں میں توسیع پسندانہ رجحانات اور علاقائی بالادستی کی خواہش ایک واضح عنصر کے طور پر دیکھی جاتی رہی ہے، جو اکثر خطے میں کشیدگی کو بڑھانے کا باعث بنتی ہے۔

یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ایک مستحکم مشرق وسطیٰ اور ایک ابھرتا ہوا پاکستان ان قوتوں کے مفادات سے ہم آہنگ نہیں۔ خطے میں امن، اقتصادی تعاون اور سفارتی توازن کا قیام براہ راست ان کے اس ایجنڈے کو کمزور کرتا ہے جو کشیدگی، تصادم اور عدم استحکام پر قائم ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایسے حساس مواقع پر غلط فہمیوں کو ہوا دینا، سفارتی دباؤ بڑھانا یا پراکسی تنازعات کو جنم دینا ان کے مکتب فکر میں بھی شامل ہو سکتا ہے۔

اس تناظر میں یہ امر غیر معمولی اہمیت اختیار کر گیا ہے کہ پاکستان ان تمام سازشی عناصر کے خلاف ایک مضبوط اور مستحکم ریاست کے طور پر سامنے آئے۔ داخلی استحکام ہی وہ بنیاد ہے جو کسی بھی ملک کو خارجہ محاذ پر مؤثر کردار ادا کرنے کے قابل بناتی ہے۔ پاکستان کی سیاسی، سفارتی اور عسکری قیادت نے جس بصیرت، ہم آہنگی اور توازن کے ساتھ اس پیچیدہ صورتحال کو سنبھالا ہے، وہ بین الاقوامی سطح پر سراہا جا رہا ہے۔

اس تناظر میں یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی کے خاتمے کے لیے قطر، عمان اور ترکیہ جیسے ممالک نے بھی اہم کردار ادا کیا ہے۔ ان ممالک کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ اور برادرانہ تعلقات نے اسے ایک ایسا پل بنا دیا ہے جو مختلف فریقوں کو ایک میز پر لا سکتا ہے۔ یہ صلاحیت ہی پاکستان کو ایک ایسے ملک کے طور پر پیش کرتی ہے جو نہ صرف اپنے مفادات کا تحفظ کر سکتا ہے بلکہ عالمی امن کے لیے بھی ایک مؤثر کردار ادا کر سکتا ہے۔

اگر یہ مذاکرات کامیابی کی جانب بڑھتے ہیں تو اس کے اثرات نہ صرف خطے بلکہ عالمی منڈیوں پر بھی مرتب ہوں گے۔ تیل کی قیمتوں میں کمی، سرمایہ کاری کے نئے مواقع اور علاقائی تجارت کے امکانات ایسے عوامل ہیں جو پاکستان کی معیشت کو براہِ راست فائدہ پہنچا سکتے ہیں۔ اسی لیے یہ مذاکرات صرف سیاسی نہیں بلکہ معاشی اعتبار سے بھی نہایت اہم ہیں۔

پاکستان کی سفارت کاری۔ خاموش مگر مؤثر

فوری تصادم کے خطرات کو کم کرے، اور اس تناظر میں پاکستان کی کوششوں کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ تاہم یہ امر بھی خصوصی توجہ کا حامل ہے کہ امریکی بیانات ایسے موقع پر سامنے آئے ہیں جب پاکستان شٹل مین مربوط اقدامات کی جانب پیشقدمی دکھائی دے رہا ہے۔ مبصرین کے مطابق یہ تاثر بھی

اصغر علی شاد

پیدا کیا جا سکتا ہے کہ امریکہ نے پہلے سفارت کاری کا راستہ اختیار کیا اور اسی کے بعد مختصر مدت اپنایا، جس سے یہ خدشہ جنم لیتا ہے کہ پاکستان کی میزبانی میں ہونے والے مذاکرات کو ایک مرحلے پر متوقع طور پر ہیش کیا جائے۔ یہی وجہ تھی کہ جہاں پاکستان بحیثیت مجموعی اپنے بیانیے کو واضح اور معزز انداز میں پیش کر رہا ہے وہیں ایک طبقہ ایسے مرحلے کے طور پر دیکھ رہا تھا جو اپنے ہی جس نے اصل مسائل کو اجاگر کیا اور آئندہ مذاکرات کے لیے ٹھوس بنیاد فراہم کی۔ آخر میں مبصرین اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ پاکستان کی ثالثی سفارتی کامیابی کو تمام تر کوششوں کے باوجود یہ حقیقت برقرار رکھنا ہوگا اور یہ بیانیہ اس وقت ہی پروان چڑھ سکتا ہے کہ پاکستان نے نہ صرف ایک اہم سفارتی خلا کو پُر کیا بلکہ خطے میں تنہیدگی کو کم کرنے کے لیے ایک عملی کردار ادا کیا۔ اس تمام بحث منظر میں آئندہ مرحلے میں خاموش مذاکرات کاری، جنگ بندی کا تسلسل اور حدود و دائرے میں نئے دور کی ممکنہ تاریخ اور وجہ ہیں جو طے کیے جانے ہیں۔ ایسے میں یہ امر کسی سے پوشیدہ نہیں کہ پاکستان خود کو اس تمام تناؤ سے الگ رکھتے ہوئے صرف امن اور استحکام کے لیے اقدامات کر رہا ہے اور اس اپنا کوئی ایجنڈا نہیں ایسے میں توقع کی جانی چاہیے کہ تمام فریق اور کوئی اس ضمن میں اپنی قوتی اور اعتماد زمہ داریوں کو سنجیدگی سے نبھائیں گے۔

ایران کی جنگ، اسرائیل کا مشن، خریدار امریکہ، نقصان کا سامنا

2026 پاکستان کا امن مشن ایک طرف دنیا امن کا پیامبر کہا جا رہا ہے دوسری طرف سمندر پار پاکستانی بھی اپنے ملک کی اقتصادی صورتحال کیلئے ذمہ دار ہیں یہ ملک کی اقتصادی صورتحال کیلئے ذمہ دار ہیں ہر ماہ اضافہ ہو رہا ہے اور دوست اور قدم پر ہیں ملین ڈیزار روپے ہیں جو ہر ماہ ملک کو سہارا دیتے

بقیہ نمبر 01

اسکول چلانے کی ترغیب دینے کا اعلان کیا۔ شرٹیل ٹمین نے کہا کہ پورے پاکستان میں سندھ کے علاوہ کہیں بھی ایک ای وی اسکوٹی نہیں دی جاتی۔ ہم اب خواتین کو اسکوٹر چلانے کی ٹریننگ بھی دیں گے۔ سندھ کے سینئر وزیر نے کہا کہ ہماری حکومت گندم کی پیداوار کے لیے کسانوں کو مفت ٹریکٹر دے رہی ہے اور کھادکی بوریوں فراہم کررہی ہے۔ چھوٹے کسانوں کو 1500 روپے فی ایکڑ فراہم کررہے ہیں جب کہ 25 ایکڑ سے زمین والے کاشتکاروں کو ٹیوب ویل بھی دی جارہی ہے۔ ہم سولر بھی سارے کے سارے ٹریکٹر کو میڈیا ٹرائل کیا جاتا ہے اور حقائق جبرت ناک گفتگو کے بعد پی پی ڈیبیٹ کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 02

ضلع ہیڈرز میں صدارتی پنجہ اور دیگر پارٹی رہنما بھی موجود تھے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی حسن زرداری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت اور پالیسیوں کے تحت علاقے میں ترقیاتی منصوبوں کو تیزتی بنیادوں پر مکمل کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ منصوبے عوام کی سہولت کے لیے ہیں اور انہیں کسی تھم کا احسان نہیں سمجھا جانا چاہیے، بلکہ وہ خود کو عوام کی خدمت اور اعتماد کا مستحق ثابت کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ترقیاتی کام کرنا ان کی ذاتی دلچسپی اور ذمہ داری ہے، اور ان کی خواہش ہے کہ علاقے کے لوگوں کو بہتر سفری سہولیات میسر آئیں تاکہ ان کی روزمرہ زندگی میں آسانی پیدا ہو اور معاشی سرگرمیوں میں اضافہ ہو۔ صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ علاقے کے ہر طبقے کو فائدہ پہنچانا ہی ہمارا مقصد ہے اور اسی کوشش کی جاری ہے کہ یہاں کے لوگوں کو روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کیے جاسکیں۔

بقیہ نمبر 03

وکیل ملک الطاف و مظفر گڑھ سے معروف سیاسی و کرشمہ اینڈیٹ ملازم کا انتقال 2020 میں ہوا تھا جس پر متوفی کے بیٹے نے فوتی کوٹے پر گریڈ 18 کے جونیئر کلرک کی فوکری کی درخواست دی تھی۔ وکیل کے مطابق محکمہ جاتی کمیٹی نے 2024 میں درخواست گزار کی تقرری کی منظوری دی اور آخر لیٹر جاری کیا تاہم سپریم کورٹ کے کوٹے سے ملازمتوں سے متعلق فیصلے کی بنیاد پر تقرری منسوخ کردی گئی۔ سرکاری وکیل نے عدالت میں موقف اپنایا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد کوٹہ پر تقرری ممکن نہیں۔ عدالت نے کہا کہ دلائل دی وقات کے ساتھ ہی درخواست گزار کی ملازمت کا حق پیدا ہوگیا تھا، اپیل حق کو بعد میں ختم نہیں کیا جاسکتا، وقاقی آئینی عدالت نے قرار دیا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کا اطلاق ماضی پر نہیں ہوگا۔ عدالت کے مطابق درخواست گزار کو متوفی والد کی بنیاد پر ملازمت کا حق حاصل ہوچکا تھا، شرٹیں کے پیسے سے حاصل ہونے حقوق برقرار رہتے ہیں، متعلقہ حکام چند روز میں تقرری کے حکمدرآمد رپورٹ پیش کریں۔

بقیہ نمبر 04

وی جائے، جس میں بجری راستوں پر کسی قسم کے نصوصات یا غیر قانونی پابندیاں عائد نہ ہوں، تاکہ جہاز رانی کا عمل بلا رکاوٹ جاری رہ سکے۔ آج ہم نے فرانس اور دیگر بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ مل کر آزادی جہاز رانی کے تحفظ کے لیے ایک مشترکہ لائحہ عمل کا اعلان کیا ہے۔ اس منصوبے کا مقصد سمندری راستوں کو محفوظ بنانا اور عالمی تجارتی سرگرمیوں کے تسلسل کو یقینی بنانا ہے۔ ہم اس امر پر زور دیتے ہیں کہ خلیے میں امن اور استحکام کی بحالی ناگزیر ہے، اور اس کے لیے ایک مستقل دیکھ بندی کا قیام انتہائی ضروری ہے۔ بین الاقوامی برادری کو مشترکہ کوشش کو یقینی بنانے اور اقدامات کو تاخیر سے بچانے کے لیے بھرپور تعاون کرنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 05

گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا ہم اپنی تحریک نکست اور وائی کے ساتھ آگے بڑھیں گے۔ ہمیں کسی خوفناک کے ضرورت نہیں۔ ہم نے دیکھیں کامیں اور دربانوں مقدمات کا سامنا کیا۔ ہم عمران خان کے ساتھ ہیں اور ہیں گے۔ مردان چلے کا پیام عمران خان صفدر کے ذریعے ملا۔ سلمان صفدر نے کہا کہ عمران خان کو دیرانی طبی مشکلات کا سامنا ہے۔ ہم اتحاد ہے ہیں اور ہمیں کسی بھی قسم کی سیاست آخیری پر مکمل اعتماد ہے۔ وہ ہی سچیل آخیری کو گھر خان اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر عباس سے مشاورت کی ہدایت دی گئی۔ ہم عمران خان کے علاوہ کسی کی نہیں سنیں گے۔ پارٹی کے تمام فیصلے عمران خان کرتے ہیں۔ موجودہ حکومت کی کسان دشمن پالیسیوں سے ملک بھر کا کسان رل گیا ہے، گندم، چاول، گنا اور تمباکو کے کاشتکار شدید مشکلات کا شکار ہے۔ ہر فرم پر کسانوں کے حق میں آواز اٹھائیں گے اور پارلیمنٹ میں بھی بھرپور آواز بلند کریں گے۔

بقیہ نمبر 06

ریکارڈ کے مطابق پاکستان نے اس مشن کے لیے تقریباً دو درجن لڑاکا طیارے تعینات کیے، جبکہ فضائی گھرانی کے لیے ایئربورن وارننگ اینڈ کنٹرول سسٹم (AWACS) بھی احتماعی کیا گیا تاکہ کسی بھی ایرانی دفنی کی محفوظ واپسی یقینی بنائی جاسکے۔ پاکستانی ذرائع کا کہنا ہے کہ اگر مستقبل میں بھی ایرانی وفد درخواست کرے تو اسی نوعیت کی سہولت فراہم کی جاسکتی ہے، بصورت دیگر پاکستانی طیارے صرف اپنی فضائی حدود تک ان کا استیقال کریں گے۔

بقیہ نمبر 07

فیلڈ مارشل عاصم منیر اور وزیراعظم شہباز شریف اور اتاب میں موجود ہیں جبکہ وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعظم اسحاق ڈار اور دیگر وزرا سعودی عرب، قطر اور ترکیے کے دورے پر ہیں۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اس دوران آبائے ہرمز کو مہود مدت کے لیے کمرشل آمد ورفت کے لیے کھولنے کا اعلان کیا ہے جبکہ لبنان میں بھی جنگ بندی ہوگئی ہے، جس پر عوام نے پھر پر جشن منایا۔

بقیہ نمبر 08

کرچکے ہوں تو پھر باقی کیا رہ جاتا ہے؟ اپنے ایکس بیان میں انہوں نے کہا عوام اب صرف نعرے نہیں، کارکردگی مانگتے ہیں۔ سہیل آفریدی کی کارکردگی کی اصل صرف بیانات، دعوے اور جذباتی اڑان پر تنگ نہیں محدود ہے۔ کرپشن کے ایسے چرچے ہیں کہ گنتا ہے جلسے سے پہلے ہی احتساب کا میدان بند کردیا گیا۔ اب انوایس یہ بھی ہیں کہ جلسہ منسوخ ہوسکتا ہے۔ اگر یہ ہوا تو عوام ان پر جلسے استیقال کریں گے، ویسے بھی جیسے لوگ ناکام جنگ ہارکو دیکھ کر کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 09

کارروائی کرتے ہوئے ڈسٹکٹ اور اسٹریٹ کرائم کی متعدد وارداتوں میں ملوث 2 مبینہ "ہیرا گینگ" سے تعلق رکھنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے اسلحہ، موٹر سائیکل اور 2 موبائل فونز برآمد کرلیے۔ گرفتار ملزمان کراچی کے مختلف علاقوں میں ڈکیتی واسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث تھے۔ گرفتار ملزم اصغر علی نے انکشاف کیا کہ وہ ہیرا گینگ کے دیگر ممبران کو ڈکیتیوں کے لیے اسلحہ بھی فراہم کرتا تھا اور چوری شدہ موٹر سائیکلیں سستے داموں فروخت کرتا تھا۔ ملزم نے مختلف موبائل کارروائی کرتے ہوئے کل کی وارداتوں کا بھی اعتراف کیا۔ ملزمان کو تھانہ سرکی آباد میں مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش کی جارہی ہے۔

بقیہ نمبر 10

وزیر اطلاعات نے کہا ہے کہ یہ عمل طور پر پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کا ضابطہ اخلاق ہے اور اس کے خلاف ہونے والی کارروائی بھی انہی کے اختیار میں ہے۔ جب ان سے اس معاملے پر ذاتی رائے پوچھی گئی تو انہوں نے خلت مختلف اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس پر زیادہ تبصرہ نہیں کیا جاسکتا، تاہم یہ بات میرے پاس ان کے لیے شیٹ الطاف تھی۔ یہ بھی بتاری کا گیا ہے کہ جرمیم شاہ اویکٹ اور کرکٹرز اور انہیں اسی طرح کا رویہ اختیار کرنا چاہیے نہ کہ کسی ٹرار کی طرح کام کرے۔ خیال رہے کہ حال ہی میں ہم شاہ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس اکاؤنٹ سے ایک پوسٹ شیئر کی تھی، جس میں انہوں نے وزیر داخلی جناب محسن نقوی کی تصویر لگائی تھی۔

بقیہ نمبر 11

کرنے نہیں دیں گے۔ وزیر اطلاعات سندھ نے مزید کہا کہ اس حکم کے واقعات کی طرح پر بھی قابل قبول نہیں ہے، سہالی عزیز سینئر خاتون پولیس افسر ہیں، ان واقعات پر تحقیقات کریں گی۔

بقیہ نمبر 12

مطابق بشریٰ بی بی کی نجلی بھی بشریٰ بی بی سے متعلق سوشل میڈیا پیغامات جاری نہیں کرسکے گی۔ بشریٰ بی بی کے اکاؤنٹ کو ٹیک کوئی متاذع پر لیس کانفرنس نہیں کرسکے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اگلے ہفتے پریس کوگورنر ہاؤس کھپڑی اور علامہ عمر عباس کے ساتھ بانی کی نجلی سلاقات کریں گے، انہیں دوبارہ اتحاد میں لیں گے۔ ذرائع نے مزید کہا کہ بشریٰ بی بی کو رہائی قانونی طریقے سے ہوگی، دعوی کیا کہ کوٹ کلمیت جیل میں پریس رہنماؤں کی انٹرویوں پر بھلد سماعت متوقع ہے۔

بقیہ نمبر 13

گے۔ جسٹیہ انوار چغدری کے مطابق وزیر مارکیٹ کے بعد پریشن اکتاک یونین کے دیگر ممالک تک رسائی بھی متوقع ہے، جس سے پاکستان کے فی ڈوز سیکٹر کو مزید سمت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ میئر فیئر ڈیپارٹمنٹ کی فوڈ برآمدات کے لیے پین الاقوامی معیار کو یقینی بناتا ہے، جو حلالی منڈی میں مسابقت کے لیے نہایت اہم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی سالانہ فی فوڈ برآمدات 500 ملین ڈالر سے تجاوز کرنے کا امکان ہے، جبکہ روی مارکیٹ میں داخلے کے بعد یہ برآمدات 800 ملین ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے۔ وزیر بھری امور کے مطابق روس کو برآمدات سے ابتدائی مرحلے پر 300 ملین ڈالر آمد متوقع ہے، جو گلی صعوبت کے لیے ثبت پیش رفت ثابت ہوگی۔ جیلیہ انوار چغدری نے بتایا کہ سی فوڈ برآمدات کے لیے سمندری فضائی اور زمینی راستے استعمال کیے جائیں گے، جبکہ روسی ایٹیالی ممالک تک زمینی راستہ ایک کم لاگت تجارتی راہداری فراہم کرے گا۔ قازقستان، ازبکستان اور ترکمانستان میں پاکستانی مچھلی کی بڑی طلب موجود ہے، جو برآمدی مواقع کو مزید بہتر بنائے گی۔ جیلیہ انوار چغدری نے کہا کہ پاکستانی بندرگاہیں جیسے کہ پورٹ قاسم اور کراچی بندرگاہ خطے کے دیگر بڑے مراکز سے بہتر کنیکٹیویٹی فراہم کرتی ہیں جبکہ پاکستانی ایکسپورٹرز کو مارکیٹ رسائی میں مسابقتی برتری حاصل کرنے میں بھی مدد دیتی ہیں۔ وزیر بھری امور نے اس امید کا اظہار کیا کہ بہتر انفرااسٹرکچر اور عالمی معیار پر مکمل برآمد آمد سے فی فوڈ برآمدات میں نمایاں اضافہ متوقع ہے۔

بقیہ نمبر 14

مذکورہ تھانہ تیاں پولیس، فارن سروس، آفس تنظیمات سمیت دیگر شعبوں میں ہوں گی۔ ایف پی ایس سی کی جانب سے جاری اشتہار میں بتایا گیا ہے کہ سی ایس ایس 2025 کے لیے اشتہار جاری کررہا ہے اور مجموعی طور پر 327 اسامیوں پر بھرتی کا عمل مکمل کیا جائے گا، ان میں سے 191 نشتی اور 136 پچھلے برسوں کی مختلف شدہ اسامیاں بھی شامل ہیں۔ ایف پی ایس سی نے کہا کہ اپن میرٹ کے لیے 169 نشستیں، خواتین کے لیے 35، اقلیتوں کے لیے 123 اسامیاں مختص ہیں۔ میڈیائی کو نے سے متعلق بتایا گیا کہ پنجاب کے لیے سب سے زیادہ 157، خیبر پختونخوا کے لیے 43، سندھ رورل کے لیے 30، سندھ اربن کے لیے 28، بلوچستان کے لیے 28، سابق فاٹا کے لیے 16 آزاد کشمیر کے لیے 7 اور گلگت بلتستان کے لیے 3 اسامیوں کا کوٹہ مختص ہے۔ ایف پی ایس سی نے بتایا کہ پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس، پولیس سروس آف پاکستان، فارن سروس آف پاکستان، این ایڈ ریونیو سروس، آفس مینجمنٹ گروپ سمیت دیگر سروسز اور گروپس کی اسامیاں بھی شامل ہیں۔ ایف پی ایس سی نے مطابق اسامیوں کی تقسیم میں میرٹ، علاقائی، خواتین اور اقلیتی تناسب کو مدنظر رکھا گیا، انکلوشن دو ڈومین کی پالیسی کے مطابق کوٹہ مسئلہ مرد اور معذور امیدواروں کی حق تلفی نہیں ہوگی۔ سی ایس ایس کے پہلے مرحلے میں بہتر کارکردگی دکھانے والے امیدواروں کو تحریری امتحان کے لیے بلایا جائے گا، تحریری امتحان کے لیے امیدواروں کو 9 مضامین میں سے 3 لازمی اور 2 اختیاری مضامین کا امتحان دینا ہوگا، جبکہ انٹرویو کے لیے 100 نمبر مختص ہیں۔ ایف پی ایس سی کے مطابق امیدواروں کی عمر کا تعین یکم اگست 2025 کو کیا جائے گا، جبکہ امیدواروں کی عمر کا تعین 21 اگست 2025 کو کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 15

وزیر اطلاعات نے کہا ہے کہ یہ عمل طور پر پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کا ضابطہ اخلاق ہے اور اس کے خلاف ہونے والی کارروائی بھی انہی کے اختیار میں ہے۔ جب ان سے اس معاملے پر ذاتی رائے پوچھی گئی تو انہوں نے خلت مختلف اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس پر زیادہ تبصرہ نہیں کیا جاسکتا، تاہم یہ بات میرے پاس ان کے لیے شیٹ الطاف تھی۔ یہ بھی بتاری کا گیا ہے کہ جرمیم شاہ اویکٹ اور کرکٹرز اور انہیں اسی طرح کا رویہ اختیار کرنا چاہیے نہ کہ کسی ٹرار کی طرح کام کرے۔ خیال رہے کہ حال ہی میں ہم شاہ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس اکاؤنٹ سے ایک پوسٹ شیئر کی تھی، جس میں انہوں نے وزیر داخلی جناب محسن نقوی کی تصویر لگائی تھی۔

بقیہ نمبر 16

جہاں نوجوانوں کو ملٹ کوچنگ اور تربیت فراہم کی جائے گی۔ تعیینات کے مطابق آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے "مندہ پولیس بانکنگ ایکیڈمی" کا افتاح کردیا۔ پولیس بیڑہ کراچی کارواں ساتھ میں قائم بانکنگ ایکیڈمی سندھ پولیس اسپورٹس بورڈ اور میڈیکم گروپس آف پاکستان کے تعاون سے قائم کی گئی ہے۔ افتتاحی تقریب میں کے موقع پر ایڈیشنل آئی جی کراچی، ڈیزیٹر جنرل سندھ پولیس آف کمپنیٹر فیضل نبی جتال اور پاکستان بانکنگ ایسوسی ایشن کی رکن قومی اسکیل شاہدرا، ڈیزیٹر جنرل سندھ پولیس اسپورٹس بورڈ ڈی آئی جی ٹریفک کراچی چودھری اسد احمد نے آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو سے کہا کہ سندھ پولیس نے اسٹک بجٹ سپورٹ پر گرام کے امکانات پر بھی زور دیا۔ وزیر تحزانہ نے کہا کہ موجودہ علاقائی صورتحال کے پیش نظر بانکنگ کے شعبے میں ڈھانچے کے متصوبے پاکستان کے لیے قومی سلامتی کا ایک اہیت اختیار کرچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اوپیک فنڈ کی ترجیحات، ماحولیاتی تبدیلی، غذائی تحفظ اور ڈیجیٹل تبدیلی پاکستان کی ترقیاتی ضروریات سے عمل ہم آہنگ ہیں۔ وزیر خزانہ نے اوپیک فنڈ کے سربراہ کو پاکستان کے دورے کی دعوت بھی دی تاکہ باہمی تعاون کو مزید فروغ دیا جاسکے۔ سلاقات کے اختتام پر بیڑہ اور الجزیب نے دونوا میں اوپیک فنڈ کے آئندہ پروگرام میں شرکت کی دعوت پر ڈاکٹر محمد الطیب الفلید کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 17

میں شامل ہورہے ہیں جس کی وجہ سے شہری ہر سال اوسطا 1.86 گھنٹے برف باری ٹریفک سانس کے ذریعے جذب کررہے ہیں۔ شہری فضا میں 203 کلوٹن کاربن مونو آکسائیڈ، 100 کلوٹن نائٹروجن آکسائیڈ اور 15.6 کلوٹن سلفر ڈائی آکسائیڈ کا اخراج ہورہا ہے، جس کی وجہ سے فضا شدید خراب ہوگئی ہے۔ یونیورسٹی روڈ سے روانہ گزرنے والے شہری سانس دمہ کے مریض ہیں جبکہ نمونیہ، ہوسٹ انفلیکشن، نزلہ، زکام، جلدی امراض اور آنکھوں کے انفلیکشن عام ہوگیا ہے۔ یہ زہریلی فضا بچوں کے لیے اور بھی زیادہ مہلک ثابت ہورہی ہے اور چھوٹے بچوں تیزی سے دمہ میں مبتلا ہورہے ہیں اسی طرح شہریں گرین بلاس گیسز کا خراج بھی فضا کو زہریلا بنارہا ہے۔ اس ساری صورتحال کے پیش نظر ماہرا حیاتیات و ارین پلانرز نے شہر میں ماحولیاتی ایمرجنسی کے نفاذ کا مطالبہ کردیا ہے۔ محمد توحید نے کہا کہ شہر میں ترقیاتی منصوبے فضائی میں کمی کا سبب بنے گا، انہوں نے کہا کہ اگر سستقبل میں بھی ماحولیاتی خراب کے لیے ترقیاتی منصوبے نہ بنائے گئے تو شہر کی فضا ناقابل برداشت ہوجائے گی۔

بقیہ نمبر 18

کے خلاف شکست کے بعد کراچی تنظیز کی نمائندگی کرنے والے سلمان علی آغا نے کہا کہ کیپٹن ہماری ٹیم جیتن شعبوں میں ناکام رہی، پارہ پلے میں بھی اچھا نہیں کھیل پائے، اگلے میچز جیت کر فائنل فور میں جگہ بنانے کی کوشش کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے قومی دن ڈے کپتان سلمان علی آغا نے کہا کہ پی ایس ایل کی بنیاد پر قومی ٹیم میں آنے والے کھلاڑیوں کو بیرون ملک جاکر خواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے، ایگ سے کھلاڑیوں کی شناخت ضرور ہوتی ہے لیکن پی ایس ایل میں بہتر کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں کو قومی سطح پر کرکٹ کھیل کر پاکستان لیم میں آنا چاہیے۔ سلمان علی آغا نے کہا کہ ماضی کپ اور پی ایس ایل میں اپنی کارکردگی سے مطمئن نہیں، پرفارمنس کو بہتر بنانے کی کوشش کر رہا ہوں، اگلا میلی کپ اہم ہوگا، اگر میں نے محسوس کیا کہ وقت کیلئے کوشش کروں گا یا میچ انجوئے کے حوالے سے کوئی فیصلہ کروں گا۔

بقیہ نمبر 19

کیا کہ ہم اس سلسلہ کا آغاز ایک ساتھ کررہے ہیں جب ہم لوگ ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے ہیں، جس سب لوگوں نے ان راستے پر ہمارا ساتھ دیا، ہمیں محبت اور دعاں سے نوازا، اس سب کا دل سے شکریہ، آپ کی محبت ہمارے لیے الفاظ سے کہیں بڑھ کر ہے۔ رشتا اور غوغیال کی جانب سے کہا گیا کہ اس خوشی کے موقع پر ہم آپ سب سے بار بار درخواست کرتے ہیں کہ ہماری ذاتی زندگی کو پرائیویسی کا احترام کریں، ہمارے اس سفر کا حصہ بننے اور بیشتر ہمیں اپنی محبت اور دعاں میں یاد رکھنے کا شکریہ۔ سوشل میڈیا پر شیئر کی گئی شادی کی دیکھا جاسکتا ہے جبکہ خوشحال نے کالے رنگ کی شلوار قمیض زیب تن کی۔ واضح رہے کہ کزشتہ دنوں شادی کی افواہوں کے بعد رشتا اور غوغیال کے تاج کی تصویر سوشل میڈیا پر سامنے آئی تھیں۔

بقیہ نمبر 20

کی۔ ملاقات کے دوران وزیر خزانہ نے پاکستان کے ساتھ اوپیک فنڈ کے بڑھتے ہوئے تعاون کو سراہا اور عالیہ مشکوہ شدہ اور جاری منصوبوں پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے پاکستان کے ایک دہائی قرض لینے والے ملک کے طور پر مضبوط ریکارڈ اور اوورڈیو غذائی تحفظ کے معاملہ کو بھی سراہا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترجیحات، ماحولیاتی تبدیلی، غذائی تحفظ اور ڈیجیٹل تبدیلی پاکستان کی ترقیاتی ضروریات سے عمل ہم آہنگ ہیں۔ وزیر خزانہ نے اوپیک فنڈ کے سربراہ کو پاکستان کے دورے کی دعوت بھی دی تاکہ باہمی تعاون کو مزید فروغ دیا جاسکے۔ سلاقات کے اختتام پر بیڑہ اور الجزیب نے دونوا میں اوپیک فنڈ کے آئندہ پروگرام میں شرکت کی دعوت پر ڈاکٹر محمد الطیب الفلید کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 21

والا الفضل شاہین فورس کا بادوری ابلکار تھا جس نے حادثے کے بعد کراچ ڈرائیور کو بہتان تھرکا تھا جس نے ڈرائیور کو بہتان تھرکا تھا کہ شاہین فورس کا ابلکار راگھ سائیڈ سے تیز رفتاری میں آیا اور گیئر کو مار دی۔ ڈرائیور نے الزام عائد کیا کہ پولیس ابلکار سمیت راگھ بنٹے میں دھت تھا، جس نے حادثے کے بعد رکھے کے تشیٹ توڑ دیے اور ڈرائیور کو زبردستی گاڑی میں بٹھایا۔ سوشل میڈیا پر ابلکار نے دعوے والی ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ حادثے کے نتیجے میں گاڑی کا بونٹ کھل گیا اور ڈرائیور کو باہر نکالا گیا۔ ڈرائیور کا کہنا تھا کہ پولیس ابلکار نے مجھے گالیاں دیں اور تشدد کا نشانہ بنایا۔ ایک سماری صورتحال کے پیش نظر ماہرا حیاتیات و ارین پلانرز نے شہر میں توحید نے کہا کہ شہر میں ترقیاتی منصوبے فضائی کی بڑی وجہ ہیں جس سے شہریں آلودگی کے گرہ و غبار انسانی صحت کو بری طرح متاثر کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھلی میں پائے جانے والا آلودہ ذرہ پی ایم 2.5 انسانی صحت کے لیے مہلک ہے یہ ذرات انسانی پھیپھڑوں میں داخل ہوکر خلیہ تھس کو شدید متاثر کرتا ہے اسی طرح گرین ہاس گیس کا اخراج بھی شدید مضر صحت ہے۔ جو توحید نے کہا کہ 2025 کے لیے اشتہار جاری کررہا ہے اور مجموعی طور پر 327 اسامیوں پر بھرتی کا عمل مکمل کیا جائے گا، ان میں سے 191 نشتی اور 136 پچھلے برسوں کی مختلف شدہ اسامیاں بھی شامل ہیں۔ ایف پی ایس سی نے بتایا کہ اپن میرٹ کے لیے 169 نشستیں، خواتین کے لیے 35، اقلیتوں کے لیے 123 اسامیاں مختص ہیں۔ میڈیائی کو نے سے متعلق بتایا گیا کہ پنجاب کے لیے سب سے زیادہ 157، خیبر پختونخوا کے لیے 43، سندھ رورل کے لیے 30، سندھ اربن کے لیے 28، بلوچستان کے لیے 28، سابق فاٹا کے لیے 16 آزاد کشمیر کے لیے 7 اور گلگت بلتستان کے لیے 3 اسامیوں کا کوٹہ مختص ہے۔ ایف پی ایس سی نے بتایا کہ پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس، پولیس سروس آف پاکستان، فارن سروس آف پاکستان، این ایڈ ریونیو سروس، آفس مینجمنٹ گروپ سمیت دیگر سروسز اور گروپس کی اسامیاں بھی شامل ہیں۔ ایف پی ایس سی نے مطابق اسامیوں کی تقسیم میں میرٹ، علاقائی، خواتین اور اقلیتی تناسب کو مدنظر رکھا گیا، انکلوشن دو ڈومین کی پالیسی کے مطابق کوٹہ مسئلہ مرد اور معذور امیدواروں کی حق تلفی نہیں ہوگی۔ سی ایس ایس کے پہلے مرحلے میں بہتر کارکردگی دکھانے والے امیدواروں کو تحریری امتحان کے لیے بلایا جائے گا، تحریری امتحان کے لیے امیدواروں کو 9 مضامین میں سے 3 لازمی اور 2 اختیاری مضامین کا امتحان دینا ہوگا، جبکہ انٹرویو کے لیے 100 نمبر مختص ہیں۔ ایف پی ایس سی نے بتایا کہ 2025 کو عمر کا تعین یکم اگست 2025 کو کیا جائے گا، جبکہ امیدواروں کی عمر کا تعین 21 اگست 2025 کو کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 22

کہا کہ شہر میں ترقیاتی منصوبے فضائی میں کمی کا سبب بنے گا، انہوں نے کہا کہ اگر مستقبل میں بھی ماحولیاتی خراب کے لیے ترقیاتی منصوبے نہ بنائے گئے تو شہر کی فضا ناقابل برداشت ہوجائے گی۔

بقیہ نمبر 23

سرحدی صوبوں کشتار اور شکار میں موجود ہیں، افغانستان میں قحط الخوارج اور اقتصادہ بھی 20 میلین میں الاقوامی اور علاقائی دہشت گرد تنظیمیں سرگرم ہیں۔ ہابرین کے مطابق قحط الخوارج سمیت علاقائی اور بین الاقوامی دہشتگرد تنظیمیں افغانستان کو دارالحکومت بنا کر اپنی کی بنیاد پر قومی امن کے لیے کھلا کھلا خطرہ ہیں۔ دہشتگردوں کے خلاف پیشہ ورانہ، انسانی حقوق کی تکمیل پابلی اور برت دھرن پرتی پالیسیوں کیوجہ سے افغان طالبان رجیم عالمی تنہائی کا شکار ہے۔

بقیہ نمبر 24

دراوتوں میں ملوث ہیں۔ ملزمان کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ اور موٹر سائیکل برآمد کرلی گئی ہے، جس میں ایک 12 بور رائفل، 30 بور پستول اور ایمونیشن شامل ہے۔ تر جمان رنجرز نے بتایا کہ ملزمان کے زیر استعمال رہنے والے 5 موٹر سائیکل بھی بغیر کاغذات کے تھی ہے۔ دوران تفتیش انکشاف ہوا کہ ملزمان کا گروہ علاقے میں ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث تھا، ملزمان کو تھانہ سرکی آباد میں مقدمہ درج کرنے کا اعلان کردیا گیا ہے۔ جس پر ان کا شکر گزار کھلا ہوا ہے اور کہا کہ آئندہ ہر ممکن تعاون کریں گے۔ معاہدے تحت ایران کی بجری ٹاہ کی بندی جاری رہے گی، معاہدہ جلد ہوجائے گا، بیشتر ثلاث پہلے ہی طے ہوچکے۔

بقیہ نمبر 25

ہوگیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی والے نالی کی بدترین تجاوزات ہٹانے پر شدید ردعمل سامنے آیا تھا، نالی کی لوڈ شیڈنگ کا دورانیہ 10 گھنٹے سے بھی اوپر جا پہنچا ہے۔ شہر کے گنجان آباد علاقوں بالخصوص لیاری، گارڈن، جوبلی، کراچی، نیو کراچی، بلدیہ، گرمی، لانڈھی، منگھوپیر، سرجانی اور اورنگی ٹاؤن میں گھنٹی کی طویل بندش نے شہریوں کا جینا دشوار کردیا ہے۔ سب سے زیادہ اثر سوسائٹی صورتحال کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، جہاں شدید گرمی اور حبس کے مقابلے میں پنکھے کی بندش سے طلبہ، بچوں اور بزرگوں کی نیند سے کھیلنے کی مانند ہوگئی ہے۔ اس معاملہ پر جماعت اسلامی کراچی کے امیر حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ ہم کراچی کے شہریوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کے حقوق کی جنگ لڑیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے عوام کو بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے عذاب سے نجات دلانے کے لیے ہر ممکن جدوجہد کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے عوام کو بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے عذاب سے نجات دلانے کے لیے ہر ممکن جدوجہد کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے عوام کو بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے عذاب سے نجات دلانے کے لیے ہر ممکن جدوجہد کریں گے۔

بقیہ نمبر 26

کیا جارہا ہے، آج ہمارے ساتھ ہوجارہا ہے کل کسی اور کے ساتھ بھی ہوسکتا ہے، 22 اپریل کو بانی پی ٹی آئی کے کیسز ہے ہیں، وکلا ساتھ دیں تاہم وزیر اعظم کے کیسز نہ لے، ان کا کہنا تھا کہ ہم نے آئین وقانون کے مطابق اپیل جاری رکھنی ہے، پوری قوم وکلا کی طرف دیکھ رہی ہے۔ صدر خان کی اہلیہ کے بارے میں سمیل آفریدی نے مزید کہا کہ بشریٰ بی بی غیر سیاسی خاتون ہیں، ان کی طبیعت ناساز ہونے کے باوجود ریلیوں میں رہی جارہی۔

بقیہ نمبر 27

پاکستان اور یونیسکو کے درمیان مشبوطہ تعاون تعلقات پر بات چیت کی گئی، دونوں رہنماؤں نے علاقہ علاقائی ہیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ نمبر 28

تارا اور وفد وفاقی حکام شریک تھے چیئرمین ترک وزیر خارجہ سمیت سینئر ترک حکام بھی موجود تھے۔ صدر اردوان نے وزیراعظم کی ترکیہ آمد اور فورم میں شرکت پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ترکیہ ضلع امن کی حمایت جاری رکھے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پرتپاک استیقبال اور روایتی ترک مہمان نوازی اور تعاون سے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ پاکستان اپنی اور اصلاحات پر مرکوز ہے۔ تیل کی قیمتوں میں اضافے سے معیشت اور مہنگائی پر مزید دباؤ بڑنے کا امکان ہے۔ تیل کی قیمتوں میں 10 فیصد اضافہ معیشت کو نقصان اور مہنگائی میں اضافہ کرسکتا ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق تیلیبی ممالک سے تیل اور تیسرات زیر رزیدہ انصار پاکستان کیلئے خطرات و خطرہ تنظیمات کے شدت پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے رواں سال اگست میں آخوین پاپلی لیول اسٹریٹجک گروپ پیش کرنے کا اعلان بانے کیلئے اقدامات کی تعریف کی۔ پاکستان کیلئے قرض لیما مزید مہنگا ہوگیا ہے، عالمی مالی حالات حریر خطرہ ہونے کی صورت میں پاکستان پر دباؤ بڑھنے کا خدشہ ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ زیادہ قرض اور لوگوں کی صحتی سکیورٹی پر سرمایہ کاری میں سلسلہ خطرات بڑھ سکتے ہیں، آبادے ہر کری بڑھتی اور جنگ کے باعث تیل کی قیمت 100 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کرگئی۔ ضلع میں شعب بڑی بندش چیش رفت ہے تاہم غیر تیلیبی صورتحال برستور برقرار ہے۔

بقیہ نمبر 29

بیرونی مالی امداد میں کمی، معاہدے سے پاکستان کے تعلقات کا عکاس ہے، معاہدے سے پاکستان کے گرگشتہ دورہ پاکستان کو سعودی عرب سے دو ارب ڈالر ڈپازٹ موصول ہوگئے، سٹیٹ بینک آف پاکستان نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ سعودی عرب سے دو ارب ڈالر پاکستان کو موصول ہوگئے یکم مئی کو کھاتوں میں منتقل کردیا گیا۔ خیال رہے کہ پاکستان ک

پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں جلد کمی آئیگی

وزیر توانائی

لبنان میں بھی جنگ بندی ہوگئی ہے اور آبنائے ہرمز کمرشل آمدورفت کے لیے آج کھول دی گئی ہے، ایل این جی کی دستیابی سے بجلی کی فراوانی بہتر ہوگی

اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ پاکستان کو ایک بڑا موقع ملا، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی بھرپور کوششوں سے پاکستان عالمی امن کا علم بردار بنا ہے، وفاقی وزیر توانائی

اسلام آباد(ویب ڈیسک)وفاقی وزیر توانائی اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ پاکستان کی کوششوں سے لبنان میں جنگ بندی ہوئی اور آبنائے ہرمز کھول دی گئی ہے، جس کے بعد پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں جلد کمی آئے گی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ پاکستان کو ایک بڑا موقع ملا، وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی بھرپور کوششوں سے پاکستان عالمی امن کا علم بردار بنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لبنان میں بھی جنگ بندی ہوگئی ہے اور آبنائے ہرمز کمرشل آمدورفت کے لیے آج کھول دی گئی ہے۔ وفاقی وزیر نے مزید بتایا کہ ان شاءاللہ ان کوششوں کی وجہ سے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں جلد کمی آئے گی، ایل این جی کی دستیابی سے بجلی کی فراوانی بہتر ہوگی۔ خیال رہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان جنگ بندی کے بعد معاہدے کے لیے گزشتہ ہفتے منعقدہ اسلام آباد مذاکرات کیلئے پاکستان کی سلامتی کونسل کی کوششیں جاری ہیں۔ ..... پیج صفحہ 3 نمبر 7

گوئٹے کا آسمان دلکش کا ڈیکپ سے چمک رہا ہے

پاک فضائیہ کے 2 درجن طیاروں نے ایرانی وفد کو واپس پہنچایا، رپورٹرز

فضائی آپریشن اس وقت شروع کیا گیا جب ایرانی طیارے نے خدشہ ظاہر کیا کہ اسرائیل حملہ کرسکتا ہے

اسلام آباد(ویب ڈیسک)ایک غیر معمولی پیشرفت میں پاکستان کی فضائیہ نے گزشتہ ہفتے ایران کے مذاکراتی وفد کو اسلام آباد میں ہونے والے امریکہ کے ساتھ غیر جنیوٹیو امن مذاکرات کے بعد محفوظ واپس پہنچایا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ آپریشن اس وقت شروع کیا گیا جب ایرانی حکام نے خدشہ ظاہر کیا کہ اسرائیل ان پر حملہ کرسکتا ہے۔ خبر الجزیرہ ..... پیج صفحہ 6 نمبر 6

ہر فورم پر کسانوں کے حق میں آواز اٹھائیں گے، پارلیمنٹ میں بھی بھرپور آواز بلند کریں گے، اسد قیصر

اسلام آباد(ویب ڈیسک)پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر کا کہنا ہے عمران خان کے ساتھ ہمارا تعلق 32 سال پر محیط ہے، ہمارا رشتہ لیڈر اور کارکن کا نہیں بلکہ بھائیوں کا ہے، ہم عمران خان کے نظریے کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ہم اپنے مؤقف سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹیں ..... پیج صفحہ 3 نمبر 5

آبنائے ہرمز کا دوبارہ کھلنا خوش آئند پیش رفت ہے، برطانوی وزیراعظم

خلیج میں امن اور استحکام کی بحالی ناگزیر ہے، اور ایک مستقل جنگ بندی کا قیام انتہائی ضروری ہے

لندن(ویب ڈیسک)برطانوی وزیراعظم کا کہنا ہے آبنائے ہرمز کا دوبارہ کھلنا ایک خوش آئند پیش رفت ہے جو عالمی تجارت اور معاشی استحکام کے لیے انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ اپنے بیان میں کیئر اسٹارمر نے کہا کہ یہ ضروری ہے کہ اس اقدام کو ایک دیرپا اور قابل عمل حل کی صورت ..... پیج صفحہ 3 نمبر 4

مقامی حکومت کا لاہور میں ریلوے اسٹیشن کے قریب تیزی سے تعمیراتی کام کی نگرانی کررہا

ایڈیشنل آئی جی سے ریسٹورنٹ ایسوسی ایشن کے وفد کی ملاقات

کراچی (ویب ڈیسک) ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان سے آل پاکستان ریسٹورنٹ ایسوسی ایشن کے 05رکنی وفد نے کراچی پولیس آفس میں ملاقات کی۔ وفد میں ایسوسی ایشن کے پیٹرن ان چیف شمرک علی ..... پیج صفحہ 3 نمبر 43

سندھ بار کونسل کا سرکاری ملازمت کرنے والے وکلا کیخلاف ایکشن

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ بار کونسل نے سرکاری ملازمت کرنے والے وکلا کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ہیلر بار ایسوسی ایشن کے 2 وکلا کے لائسنس معطل کردیے۔ سندھ بار کونسل کے مطابق بار سیشن ایڈووکیٹ اور اشتیاق احمد شر کے لائسنس معطل کیے گئے ہیں۔ انکوائری کے دوران اسکول ایجوکیشن کنکر کے ڈائریکٹر نے تین وکلا کی سرکاری ملازمتوں کی ..... پیج صفحہ 2 نمبر 42

سہیل آفریدی کی کارکردگی فی الحال صرف بیانات، وعدے اور ہوا میں اڑتی پتنگ تک محدود ہے، شیر افضل مروت

اسلام آباد(ویب ڈیسک)رکن پارلیمنٹ تاریخی مردان جلسے کے پنڈال کا اعلان کیا، ویسے

شیر افضل مروت کا کہنا ہے پارٹی پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے کارکنان نے سہیل آفریدی کے اس جملے پر اتفاق الغیار ..... پیج صفحہ 3 نمبر 8

بھی جب علیمہ خان، محمود خان اچکزئی اور دیگر خودی

اگر کوئی افسر نقل میں ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف فوری محکمہ جاتی کارروائی ہوگی، صوبائی وزراء

کراچی(ویب ڈیسک) سندھ حکومت نے امتحانی مراکز میں نقل کی روک تھام کے لیے بڑے فیصلوں کا اعلان کردیا ہے۔ وزیر تعلیم سندھ سید راشد شاہ اور وزیر پرورش ڈاہ جاسمتھ محمد اسماعیل راہو نے ایک مشترکہ بیان جاری کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ اب نقل کرنے والے طلبہ اور اس میں ملوث عملے کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے گی۔ صوبائی وزراء کے مطابق امتحانات اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانات ..... پیج صفحہ 3 نمبر 4

قربانی کے جانور کراچی کی عارضی منڈی میں خریداروں کے منتظر ہیں

گورنر سندھ نہال ہاشمی سے امریکی قونصل جنرل کی ملاقات

کراچی (ویب ڈیسک) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے امریکی قونصل جنرل چارلس گڈمین نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی، جس میں پاک امریکہ تعلقات، باہمی دلچسپی کے امور اور غلط فہمی کی موجودہ نوعیت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں علاقائی امن و استحکام کے فروغ، علاقائی تعاون اور عالمی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ..... پیج صفحہ 3 نمبر 40

عالمی و مقامی مارکیٹوں میں قیمت کم

کراچی (ویب ڈیسک) سونا تین دن کے وقفے کے بعد عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں سستا ہوگیا۔ بین الاقوامی مارکیٹ میں جمعہ کے روز فی اونس سونے کی قیمت میں 33 ڈالر کی کمی ریکارڈ ہوئی، جس کے بعد فی ..... پیج صفحہ 4 نمبر 41

اب خواتین کو اسکوٹر چلانے کی ٹریننگ دیں گے

شرجیل میمن

چھوٹے کسانوں کو 1500 روپے فی ایکڑ فراہم کررہے ہیں، 25 ایکڑ سے کم زمین والے کاشتکاروں کو بینظیر ہاری کارڈ دیے ہیں

سندھ حکومت نے صوبے بھر میں ریکارڈ ترقیاتی کام کیے ہیں اور پیپلز پارٹی معاشرے کے ہر شخص کی فلاح کے لیے کام کررہی ہے

کراچی (ویب ڈیسک) سینئر صوبائی وزیر شرجیل میمن نے عوام کے لیے اپنی حکومت کے

ریٹیرز نے اسٹریٹ کرائم میں ملوث 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا

کراچی (ویب ڈیسک) ریٹیرز نے ریچی گوٹھ اور نیشنل ہیں کا روائیاں کرتے ہوئے اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ریٹیرز کے مطابق سندھ ریٹیرز نے ریچی گوٹھ میں ..... پیج صفحہ 10 نمبر 3

پشاور کی رنگ روڈ پر ایک محبت بھرے خاندان کی کفالت کے لیے پشتو فرد وحدت کررہا ہے

شہر قائد سے لاعدم تنظیم کے 3 دہشت گرد گرفتار

گرفتار ملزمان کا تعلق کالعدم تنظیم قفتہ الہندو ستان سے ہے، سی ٹی ڈی

کراچی (ویب ڈیسک) شہر قائد سے کالعدم تنظیم کے 3 دہشت گرد گرفتار کرلیے گئے۔ ڈی آئی جی سی ٹی ڈی کے مطابق گرفتار ملزمان کا تعلق کالعدم تنظیم قفتہ الہند وستان سے ہے، دہشت گردوں نے دوران تفتیش اہم انکشافات کیے ہیں۔ حکام کا کہنا تھا کہ ملزمان کراچی میں بڑی کارروائی کی منصوبہ بندی کر رہے تھے۔ گرفتار ملزمان میں عمران دلدلی محمد اور دیگر شامل ہیں، دہشت گردوں سے 30 بور پستول اور 18 گولیاں برآمد ہوئیں۔ سی ٹی ڈی حکام کا مزید کہنا تھا کہ ملزمان سے تفتیہ کاری ..... پیج صفحہ 9 نمبر 9

افغانستان میں دہشت گرد تنظیمیں پناہ حاصل کی ہوئی ہیں، عالمی جریدہ

افغانستان میں دہشت گردوں کی موجودگی پڑوسی ممالک بالخصوص پاکستان کی سلامتی کیلئے واضح خطرہ ہے

اسلام آباد(ویب ڈیسک) افغانستان میں دہشت گرد تنظیمیں پناہ حاصل کی ہوئی ہیں اور وسائل حاصل کررہی ہیں۔ معروف عالمی جریدہ نے افغانستان میں قفتہ الخوارج سمیت دیگر دہشت گروہوں کی موجودگی سے متعلق پاکستانی

حیدرآباد میں خواتین کسان جنتری پانی پاس کے کھیتوں میں محنت کررہی ہیں

جنگ کے باعث پاکستانی معاشی ترقی کی شرح میں کمی کا خدشہ

جنگ طویل ہونے کی صورت میں ترسیلات زر بھی متاثر ہوسکتی ہیں، آئی ایم ایف

کراچی (ویب ڈیسک) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے مشرق وسطیٰ جنگ کے باعث پاکستانی معاشی ترقی کی شرح میں کمی کا خدشہ ظاہر کردیا۔ آئی ایم ایف کے پیشگی آنکلک آؤٹ لک رپورٹ کے مطابق مشرق وسطیٰ جنگ کے باعث

سندھ میں کاروکاری واقعات قابل قبول نہیں

ضیاء لنجار

ملوث تمام افراد کو سزائیں دی جائیں گی، کسی کو بھی انسانی حقوق کے خلاف ورزی پر جرگے کرنے نہیں دیں گے

سندھ امن و سلامتی کی دھرتی ہے، کسی بھی بیٹی کو کاروکاری میں مارنا ناقابل قبول ہے، سندھ اسمبلی میں میڈیا سے گفتگو

کراچی (ویب ڈیسک) وزیر داخلہ سندھ ضیا لنجار نے کہا ہے کہ صوبے میں کاروکاری کے واقعات ناقابل قبول ہیں۔ سندھ اسمبلی میں میڈیا سے گفتگو میں ضیا لنجار نے کہا کہ سندھ امن و سلامتی کی دھرتی ہے، کسی بھی بیٹی کو کاروکاری میں مارنا ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے کہا کہ واقعے میں ملوث تمام افراد کو سزائیں دی جائیں گی، کسی کو بھی انسانی حقوق کے خلاف ورزی پر جرگے ..... پیج صفحہ 3 نمبر 11

کراچی سے بری گینگ کے 2 ملزمان گرفتار

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ رینجرز نے ریچی گوٹھ کے علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے بری گینگ سے تعلق رکھنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ رینجرز ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان ڈکیتی اور اسٹریٹ کرائم کی متعدد ..... پیج صفحہ 24 نمبر 24

وزیر خزانہ کی پاکستان معاشی و مالیاتی پالیسی کا جائزہ سیمینار میں شرکت

واشنگٹن (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان نے آئی ایم ایف کے ساتھ ایکسٹینڈڈ فنڈ سہولتی کے تیسرے جائزے اور ریٹیلیٹس ایڈجسٹمنٹ فیسلٹی کے دوسرے جائزے کیلئے سٹاف لیول معاہدہ مکمل کرلیا ہے جس کی منظوری جلد ..... پیج صفحہ 3 نمبر 33

فیڈرل پبلک سروس کمیشن کا سیکڑوں اسامیوں پر نئی بھرتیوں کا اعلان

اسلام آباد(ویب ڈیسک) فیڈرل پبلک کمیشن (ایف پی ایس سی) نے سینئل پیپر سرمز (سی ایس ایس) 2025 کے لیے فی اسامیوں کا اعلان کردیا ہے، جس میں اوپن میرٹ، صوبائی، خواتین اور تعلیقی کوٹہ شامل ہے اور ..... پیج صفحہ 3 نمبر 14

سندھ پولیس میں کھیلوں کے فروغ کیلئے پاکستک اکیڈمی قائم

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ پولیس میں کھیلوں کی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے پاکستک اکیڈمی قائم کردی گئی، آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے امید ظاہر کی ہے کہ یہ اکیڈمی کراچی کی ٹیمایں پاکستک اکیڈمی ثابت ہوگی ..... پیج صفحہ 3 نمبر 16

نسیم شاہ پر جرمانے سے پنجاب حکومت کا کوئی تعلق نہیں، عظمی بخاری

یہ معاملہ مکمل طور پر پی سی بی کے دائرہ اختیار میں آتا ہے، میڈیا سے گفتگو

لاہور(ویب ڈیسک)پنجاب کی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمی بخاری کا کہنا ہے کہ ثاب پارلیمنٹ شاہ مکہ جرمانے سے صوبائی حکومت کا کوئی تعلق نہیں یہ معاملہ مکمل طور پر پی سی بی کے دائرہ اختیار میں آتا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی ..... پیج صفحہ 15

وفاقی وزیر کا ریلوے ملیف عباسی نے، وفاقی وزیر سید عمران احمد شاہ سے ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کے بعد دعا کی

کراچی: نشے میں دھت شاہین فورس کے اہلکار کی رکشے کو ٹکر

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی کے علاقے جاکم آباد میں نشے میں دھت کار سوار پولیس اہلکار نے رکشے کو ٹکر ماردی، جس کے نتیجے میں رکشے میں سوار خاتون اور ڈرائیور زخمی ہوگئے۔ یعنی شاہین اور ویڈیو شواہد کے مطابق کار چلانے ..... پیج صفحہ 21 نمبر 21

وفاقی وزیر خزانہ کی او پیک فنڈ کے سربراہ سے ملاقات

واشنگٹن (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے بہار اجلاس 2026 کے موقع پر او پیک فنڈ برائے بین الاقوامی ترقی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر عبد الحمید الشاید سے ملاقات ..... پیج صفحہ 20 نمبر 20

پی ایس ایل میں کارکردگی سے مطمئن نہیں، عالمی کپ کے حوالے سے ضرور سوچوں گا، سلمان علی آغا

پاکستانی اداکارہ رمشا خان اور خوشحال خان نے شادی کا باضابطہ اعلان کردیا

لاہور(ویب ڈیسک) پاکستانی اداکارہ رمشا خان اور ساتھی اداکار خوشحال خان نے شادی کا باضابطہ اعلان کرکے دلہا اور شادی کی تصاویر بھی سوشل میڈیا پر پوسٹ کردیں۔ رمشا اور خوشحال نے انتہائی مختصر پر ایک مشترکہ پوسٹ کرتے ہوئے لکھا کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم، ہم خوشی سے پھٹے جا رہے ہیں کہ اللہ نے ہم شادی کے بندھن میں بندھ گئے ہیں۔ پوسٹ میں کہا ..... پیج صفحہ 3 نمبر 19

سوچیں کا پی ایس ایل میں کھلاڑی کی شناخت کرکٹ ایم کے کپتان سلمان علی آغا نے کہا ہے کہ ہوتی ہے لیکن پاکستان کی خواہش کی خواہش ہے جری کا رکردگی توقعات کے مطابق نہیں، اگر محسوس کرنا ضروری ہے۔ پی ایس ایل 11 کیا تو عالمی کپ 2027 کے حوالے سے ضرور میں اسلام آباد یونائیٹڈ ..... پیج صفحہ 3 نمبر 18

کراچی میں زیر التواء ترقیاتی منصوبے شہریوں کی صحت کیلئے خطرہ بن گئے

فضا میں مضر صحت ذرات پی ایم 2.5 میں ریکارڈ اضافہ، یونیورسٹی روڈ سے روزانہ گزرنے والے شہری سانس و دمہ کے امراض میں مبتلا ہونے لگے

زہریلی فضا بچوں کے لیے اور بھی زیادہ مہلک ثابت ہورہی ہے، شہری ہر سال اوسطاً 1.8 کلوز ہریلے ذرات سانس کے ذریعے جذب کررہے ہیں

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی کی سڑکوں پر اڑتا زہریلا گرد و غبار اور شہر میں زیر التوا ترقیاتی منصوبے شہریوں کی صحت کے لیے سنگین خطرہ بن گئے۔ تحقیق کے مطابق شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی وجہ سے کراچی کی فضا میں مضر صحت ذرات پی ایم 2.5 میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے۔ تحقیق میں انکشاف کیا گیا ہے کہ سالانہ 39 کلوٹن آلودہ ذرات پی ایم 2.5 فضا ..... پیج صفحہ 3 نمبر 17